بدرستیکه ایشاں اعتقاد کنند کہ زمانہ اجتہاد تحقیق
منقطع گشت وایں کہ یافتہ نشود بعد امام ہائے
ایشاں ہیچ یکی کہ مراو را مرتبہ اجتہاد باشد واما کسے
کہ دعوی کند معرفت خدائے را بحکم ہائے شرعی
پس او نزد ایشاں مجنوں فاسد خیال باشد را التفات
نکنند سوی او پس بداں اے عزیز کہ چوں مہدیؑ و
اصحاب وی ازیں قبیلہ باشند کہ از رویت
و معرفت و محبت حکایت کنند بداں سبب
ناچار علمای زمان ایشاں را بضلالت نسبت کنند
و بہ سبب جہل خویش با ایشاں عداوت نمایند
چنانچہ می گوید المرء عدو لما جهل و جاہل اگر
از رویت انکار کند عجب نباشد زیرا چہ علم
بشر حجاب آمدہ است

کما قال علیه السلام العلم حجاب
الله الاکبر

وایں حجاب دور نشود تا آنکہ از قید
بشریت بکلی بیروں نیاید چنانچہ می گوید ے

مثنوی

اے عزیز جان لے کہ جب مہدیؑ اور آپ
کے صحابہؓ اس قبیلہ سے ہیں کہ اللہ کے دیدار اور
اللہ کی معرفت و محبت کی باتیں کرتے ہیں تو بالضرور
علمائے زمانہ (طالبان دنیا) ان کو گمراہی کی طرف منسوب
کرتے ہیں اور اپنی جہالت کی وجہ سے ان سے دشمنی
کرتے ہیں چنانچہ یہ مشہور ہے کہ آدمی دشمنی مول
لیتا ہے اپنی جہالت کی وجہ سے اور جاہل آدمی
اگر اللہ کے دیدار سے انکار کرتا ہے تو کوئی تعجب
کی بات نہیں کیونکہ بشر کا علم ہی خود حجاب ہوتا ہے
(تو پھر جہل کیوں حجاب نہ ہوگا) چنانچہ آنحضرتؐ نے
فرمایا کہ علم اللہ کا بڑا حجاب ہے اور یہ حجاب دور نہیں
ہوتا جب تک کہ بشر بشریت کی قید سے پوری طرح
سے نکل نہ جاوے چنانچہ ایک عارف کہتا ہے۔

تو کہتا ہے علم اور عقل سے خدا کو تلاش کروں گا
تو نادیدہ شخص ہے میں تجھ کو کیا کہوں،
جہاں اس دم کی رسائی ہے
وہاں علم و عقل حجاب اعظم ہیں
ایسا علم طلب کر جو تیرے ساتھ رہے
وہ دم طلب کر جو تجھ کو تیری خودی سے بچائے
جب تک تو علم فریضہ و علم معرفت نہیں پڑھیگا
تحقیق اللہ کے صفات کو نہیں جانے گا.

یعنی آدمی جب تک بشریت کے قید سے نہ نکل
جائے اور آزاد نہ ہو جائے اور اللہ کے اخلاق پیدا
کرو کی شان حاصل نہ کرے اللہ کی معرفت کے
لائق نہ ہوگا چنانچہ ایک عارف کہتا ہے ے

گوئی که بعلم و عقل جوییم
نادیده کسی ترا چه گوییم
آنجا که مجال آن دم آمد
این هر دو حجاب اعظم آمد
علمی بطلب که با تو ماند
آن دم که ترا ز تو رهاند
تا علم فریضه را نخوانی
تحقیق صفات حق ندانی.

یعنی آدمی تا آن که از قید بشریت بیرون نیاید و مطلق نشود و تخلقوا باخلاق الله حاصل نه کند لائق معرفت خدای نگردد وچنانچه می گوید

مثنوی

بخودش کس شناخت نتوانست
ذات او هم بدان توان دانست
باتقاضائے نفس و عقل و حواس
کے توان بود کردگار شناس

پس ازگفتار ایشاں معلوم گشت که هر طلب رویت و معرفت کند باید که از خود بیرون آید موتوا قبل ان تموتوا. حاصل کند کما قال النبی صلی الله علیه وسلم احدکم لایری ربه حتی یموت و آن که از اجتماع مشائخاں که در تعریف آورده است ان الله لایری فی الدنیا ولا یریه احد من الخلق و بعضی جاہلاں این قول را بدمنافی

مثنوی

اپنی ذات سے کوئی شخص خدا کو نہ پہچان سکا
اس کی ذات کو اسی سے پہچان سکتے ہیں
نفس عقل اور حواس کے باوجود
خدا شناس کیسے ہو سکتے ہیں

پس ان عارفوں کے اقوال سے معلوم ہوا کہ جو شخص خدا کے دیدار اور خدا کی معرفت کو طلب کرے تو اس کو چاہیئے کہ خودی سے باہر آئے اور مرنے سے پہلے مرو کا رتبہ حاصل کرے چنانچہ نبی صلعم نے فرمایا ہے کہ تم میں سے کوئی مرنے تک اپنے رب کو نہیں دیکھے گا اور اجماع مشائخین کا ذکر جو کتاب تعریف میں لایا ہے کہ اللہ دنیا میں نہیں دیکھا جاتا اور کوئی مخلوق اس کو نہیں دیکھتی اس قول کو بعض

روییت دلیل می کنند و نمی دانند کہ این
قول برائے ترغیب طالبان حق است
ہر کہ خدائے را بجوید و دیدارش طلب کند
باید کہ از دنیا و صفت بشریت بیروں
آید و فنا حاصل کند می گویند شخصے پیش
مصطفی علیہ السلام آمد و سوال کرد۔
ما الدنیا یا رسول اللہ قال دنیاك نفسك
فاذا افنیتها فلا دنیا لك. پس ہر کہ از خود فانی
گردد او را دنیا نباشد و نہ خلق و چوں
این حجابہا برداشتہ شد دیگر ہیچ چیز لقائے
خدا را مانع نیست کما قال سبحانہ وتعالیٰ
فمن کان یرجوا لقاء ربہ فلیعمل عملا صالحا
ولا یشرك بعبادة ربہ احدا (جزء ۱۶ رکوع ۳).
بداں اے عزیز کہ بعضے مرداں از کیفیت
فنا و عمل صالح خبر ندارند و از جہت بے خبری
خود آن اقوال کہ بر رفع حجاب ثابت شدہ
اند آنہا را بر نفی روییت دلیل می کنند نمی دانند کہ
این خطای محض است زیرا چہ اگر کسے گوید
کہ دیدار خدای در دنیا جائز نیست و در آخرت
جائز است آنکس بر خدا عجز لازم می کند
لان ماجاز اطلاقہ علی اللہ تعالیٰ فی وقت
یجوز فی جمیع الاوقات اذ لیس للہ
وصف حادث۔

وہمہ علمائے اہل دین مشائخ صاحب
یقین بر جواز روییت در دنیا متفق

نادان لوگ دیدار کے خلاف میں دلیل ٹھیراتے ہیں
اور نہیں جانتے کہ یہ قول طالبان حق کی ترغیب کے
لئے ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص خدا کو
طلب کرے اور خدا کے دیدار کا طالب ہو تو
اس کو چاہیئے کہ دنیا اور اہل دنیا سے ہٹ جائے
بشریت کی صفت سے نکل جائے اور فنا کا مرتبہ
حاصل کرے کہتے ہیں کہ ایک شخص مصطفیٰؑ کے حضور
میں آیا اور سوال کیا یا رسول اللہ دنیا کیا ہے؟ آنحضور
نے فرمایا کہ تیری دنیا تیرا نفس ہے جب تو نفس کو
فنا کر دے گا تو اس کے لئے نہ دنیا رہتی ہے اور
نہ اہل دنیا اور جب یہ حجاب (دنیا اور اہل دنیا)
اٹھا دیئے جائیں تو پھر کوئی دوسری چیز دیدار خدا کی
مانع نہیں چنانچہ خدائے پاک و برتر نے فرمایا کہ تو جس
امید ہو اپنے پروردگار کے دیدار کی تو چاہیئے کہ
عمل صالح کرے (ترک دنیا کرے) نہ شریک
کرے اپنے پروردگار کی عبادت میں کسی کو جان
اے عزیز کہ فنا اور عمل صالح کی کیفیت سے بعضے
لوگ بے خبر ہیں اور اپنی بے خبری کی وجہ سے ان،
اقوال کو جو رفع حجاب کے لئے آئے ہیں ان کو دیدار خدا
کی نفی پر دلیل ٹھیراتے ہیں اور نہیں جانتے کہ یہ محض
خطا ہے کیونکہ اگر کوئی شخص یہ کہتا ہے کہ دنیا میں
خدا کا دیدار جائز نہیں اور آخرت میں جائز ہے تو
وہ شخص خدائے تعالیٰ کو عاجز ٹھیراتا ہے کیونکہ
اللہ تعالیٰ پر کسی چیز کا اطلاق کسی وقت
بھی جائز ہوتا ہے تو وہ تمام اوقات

اند و ہیچ یکی از اہل سنت و جماعت در جواز
رویت اختلاف نمی کنند و بعضے از ایشاں
در وقوع اختلاف می کنند و اکثر ایشاں بر رویت
مصطفٰے علیہ السلام در شب معراج گواہی می دہند
چنانچہ حسن بصریؒ می فرماید.
"واللہ لقد رای محمد علیہ السلام ربہ
لعینیہ"، و دیگر صاحب مغنی از ابن عباسؓ
روایت کردہ است کہ او گفت اتعجبون
ان تکون الخلۃ لابراہیم والکلام
لموسیٰ علیہ السلام والرویۃ محمد علیہ
السلام. و در تفسیر رحمانی در بیان آیت
ولقد راہ نزلۃ اخریٰ. (جزء ۲۷ رکوع ۵). آوردہ است ای رای ربہ علیٰ نزل غیر
نزولہ الاول. و در تفسیر دیلمی در بیان آیت
ماکذب الفواد ما رای آوردہ است
ای ماکذب القلب ولا انکر ولا ارتاب
فیما رای العین وشاہد بالبصر ربہ
کفاحًا قولہ تعالیٰ افتمارونہ علیٰ ما یری
محمد علیہ السلام من ذات ربہ و
وصفاتہ فلا تشکوا فیہ ہذہ رویۃ النبی
عم رای ربہ بعیان الراس معاینۃ
کفاحًا وقد راہ تعالیٰ مرۃ اخریٰ
و مصطفٰے خود ہم گواہی می دہد آن جا کہ فرمود
صلی اللہ علیہ وسلم رایت ربی
لیلۃ المعراج فی احسن صورۃ و جای دیگر

نہیں جائز ہوتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا کوئی وصف
حادث نہیں ہے اور تمام علماء اہل دین اور مشائخین
صاحب الیقین دنیا میں خدا کے دیدار کے جائز ہونے
پر متفق ہیں اور اہل سنت والجماعت میں سے کوئی
ایک بھی دنیا میں جواز رویت میں اختلاف نہیں
کرتے بعض لوگوں کو وقوع میں اختلاف ہے اور ان
میں سے اکثر مصطفٰےؐ کو شب معراج میں دیدار ہونے
کی گواہی دیتے ہیں. چنانچہ حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ
خدا کی قسم محمدؐ نے اپنے رب کو اپنی دونوں آنکھوں
سے دیکھا اور نیز صاحب مغنی نے ابن عباسؓ سے
روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا کہ کیا تم کو اس بات
تعجب ہے کہ خلت ابراہیمؑ کے لئے ہو اور کلام موسیٰؑ
کیلئے ہو اور دیدار محمدؐ کے لئے ہو اور تفسیر رحمانی میں
آیت ہذا ولقد راہ الخ (اور بے شک دیکھا محمدؐ
نے خدا کو) کے بیان میں آیا ہے کہ یعنی دیکھا اپنے
رب کو جس وقت کہ نزول ہوا
اس کے نزول اول کے سوائے اور تفسیر دیلمی میں آیت
ہذا ماکذب الفواد الخ (نہیں جھوٹ بلایا پیغمبر کے
دل نے اس معاملہ میں جو دیکھا) کے بیان میں لایا ہے
کہ یعنی نہیں جھٹلایا دل نے اور نہ انکار کیا اور نہ
شک کیا اس میں جس کو دیکھا آپؐ نے اور مشاہدہ
کیا بصر سے اپنے رب کا چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا
ہے کیا پس جھگڑتے ہو تم اس سے اس پر جو دیکھا
ہے محمدؐ اپنے رب کی ذات و صفات کو پس
نہ شک کرو تم اس میں یہ رویت نبیؐ کی ہے کہ اپنے

فرمود صلی اللہ علیہ وسلم با اباذرؓ چوں
پرسید ھل رأیت ربک قال انّی اراہ۔ واقوال
صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین ہم برویت
گواہی می دہند چنانچہ قول عمر رضی اللہ عنہ
آوردہ شدہ است ما رایت شیئاً الا
ورایت اللہ فیہ۔ وعلی رضی اللہ عنہ نیز
می گوید واللہ لم اعبد ربی حتی لم اراہ۔
واز قصہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما در زاہدی
آوردہ است کہ عبداللہ در طواف گاہ
ایستادہ بود و عثمان رضی اللہ عنہ بروی گذشت
وسلام کرد عبداللہ ویرا جواب نداد
عثمان رضی اللہ عنہ رفت پیش عمرؓ شکایت
کرد وگفت کہ عبداللہ پسر ترا سلام کردم
جوابم نداد عمر رضی اللہ عنہ پسر خویش را
عتاب کرد وگفت کہ اے پسر تو فضل
عثمان رضی اللہ عنہ را نہ شناختی کہ سلام
وے را جواب ندادی عبداللہ عذر
خواست وگفت کنا نتری فی ذالک الزمان
بودیم بایک دیگر رویت می کردیم من
خدای را می دیدم وخدای مرا می دید وبے
خبر بودم ازاں زماں از خود واز سلام
او واکثر آیات قرآن ہم بریں معنی دلالت
می کنند وموافقت می نمایند۔
کما قال سبحانہ وتعالیٰ فلما تجلی ربہ
للجبل جعلہ دکا وخر موسیٰ صعقا (جز ۹ ع)

رب کو سر کی آنکھ سے دیکھا رو برو کا دیکھنا اور دیکھا
اللہ کو دوسری مرتبہ اور خود مصطفیٰ علیہ السلام بھی گواہی دیتے
ہیں جہاں کہ آپ نے فرمایا کہ میں نے شب معراج میں
اپنے رب کو اچھی صورت میں دیکھا اور دوسری جگہ آنحضرت
نے ابوذرؓ سے فرمایا جب کہ انھوں نے پوچھا کہ کیا آپ
نے اپنے رب کو دیکھا تو آنحضورؐ نے فرمایا کہ میں اس کو
دیکھتا ہوں صحابہؓ کے اقوال بھی رویت کی گواہی دیتے ہیں
چنانچہ عمرؓ کا قول لایا گیا ہے کہ میں نے نہیں دیکھا کسی
چیز کو مگر اس حال میں کہ دیکھا میں نے اللہ کو اس میں
اور علیؓ بھی فرماتے ہیں کہ خدا کی قسم نہیں عبادت
کی میں نے اپنے رب کی یہاں تک کہ نہیں دیکھا میں نے اس
کو اور عبداللہ بن عمرؓ کے قصہ سے زاہدی میں لایا ہے کہ
عبداللہ طواف گاہ میں ٹھیرے ہوئے تھے اور عثمانؓ ان پر
سے گذرے اور سلام کیا عبداللہ نے جواب نہیں دیا عثمان گئے
اور عمرؓ کے سامنے شکایت کی اور کہا کہ آپکے فرزند عبداللہ کو
میں نے سلام کیا انھوں نے جواب نہیں دیا۔ عمرؓ نے اپنے
فرزند پر عتاب کیا اور کہا کہ اے لڑکے تو نے عثمانؓ کی
فضیلت نہ پہچانی اور اس کے سلام کا جواب نہیں دیا،
عبداللہ نے عذر خواہی کی اور کہا کہ ہم اس وقت خدا
کو دیکھ رہے تھے اور ہم باہم ایک دوسرے کو دیکھ رہے
تھے میں خدا کو دیکھ رہا تھا اور خدا مجھ کو دیکھ رہا تھا
اور میں اس وقت اپنی خودی سے اور ان کے سلام
سے بے خبر تھا اور اکثر قرآن کی آیتیں بھی اسی معنی پر
دلالت کرتی ہیں اور اسی کے موافق ہے چنانچہ حق سبحانہٗ
وتعالیٰ نے فرمایا ہے کہ پھر جب تجلی کی اس کے پروردگار

وهذا نص فی اثبات کونه مرئیا وبهذه
الوجوه تبیین جهل منکر الرویة ۔

و امام زاہد در تفسیر خود آوردہ است
قال بعض العلماء رویت الله تعالیٰ فی الدنیا
من المحالات لا من الجائزات وهذا خطاء
لان موسیٰ علیه السلام سأل الروية فی
الدنیا فلو کانت الرویة فی الدنیا من المحالات
لکان موسیٰ علیه السلام وهو کلیم ربه
وحبیبه وعبده سائلا من الله تعالیٰ شیئا
محالا ولا نظن به ذالك ولا بنبی من الانبیاء
وقال بعضهم انما لا یجوز الرویة فی دار الدنیا
بقوله تعالیٰ کل من علیها فان (جز ۲۷ رکوع ۱۲)
وهذا ایضا خطاء فان موسیٰ علیه السلام
کان متیقنا بموته فدل انه جائز ان یریٰ
فی الدنیا وصاحب مدارک در تفسیر خود آوردہ
است در بیان آیت لن ترانی بالسوال
بعین فانیة بل بالعطاء والنوال بعین
باقیة وهو دلیل لنا ایضا لانه لم یقل لن
اریٰ لیکون نفیا للجواز ۔

بدان اے عزیز کہ جمہور علماء اہل و
مشائخان ہم بر جواز رویت
دہند و بعضے یاران مصطفےٰ صلی اللہ علیہ
وسلم از نفس می کنند پس ہر
کہ از رویت انکار کند و گوید
کہ اصلا در دنیا جائز نیست ،

نے پہاڑ پر کر دیا اس کو ریزہ ریزہ اور گر پڑا موسیٰ بیہوش
اور یہ آیت اللہ تعالیٰ کے دیدار کے بارے میں نص ہے
اور ان ہی وجوہ سے دیدار کے منکروں کی جہالت ظاہر
ہو جاتی ہے اور امام زاہد نے اپنی تفسیر میں لایا ہے کہ بعض علماء
کا یہ کہنا ہے کہ دنیا میں اللہ کا دیدار محالات سے ہے.
جائزات سے نہیں ہے ان کا یہ کہنا خطا ہے اسلئے کہ
موسیٰؑ نے دنیا میں دیدار کا سوال کیا اگر دنیا میں،
دیدار ہونا محالات سے ہوتا تو یہ ماننا پڑے گا کہ موسیٰؑ
نے کلیم اللہ، حبیب اللہ اور عبد اللہ ہونے کے باوجود
اللہ تعالیٰ سے امر محال کا سوال کیا اور ہم موسیٰؑ کے
متعلق ایسی بدگمانی نہیں کرتے اور نہ ہم کسی نبی کے
متعلق ایسا گمان کرتے اور بعض علماء نے . . . .
کل من علیها فان (جو زمین پر ہے فنا ہونے والا
ہے) کی آیت سے استدلال کرتے ہوئے یہ کہا
ہے کہ دار دنیا میں دیدار جائز نہیں یہ بھی ان کی غلطی
کیونکہ موسیٰؑ کو اپنی موت کا یقین تھا اس کے باوجود موسیٰؑ
نے دار دنیا میں دیدار کا سوال کیا، تو پھر دنیا میں دیدار جائز
ہوا. صاحب مدارک نے اپنی تفسیر میں لن ترانی کی آیت کے
بیان میں لایا ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ اے موسیٰ تم سوال کر کے
فانی آنکھ سے مجھے ہرگز نہ دیکھو گے بلکہ ہمارے فضل وعطا سے
تم اپنی چشم باقی سے ہم کو دیکھو گے. ہماری دلیل بھی یہی ہے
کیونکہ اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ میں ہرگز نہیں دیکھا
جاؤں گا البتہ جواز دیدار کی نفی ہو جاتی اے عزیز جان کہ
علماء اور مشائخین بھی دیدار کے جائز ہونے کی گواہی
دے رہے ہیں اور آنحضرتؐ کے بعضے صحابہ بھی آنحضرتؐ سے

حال او چگونہ باشد واورا چہ نامند واز کدام
قبیلہ خوانند ناچار ازاں قبیلہ باشد
کہ حق تعالیٰ در کلام خویش خبر می دہد از احوال
ایشاں کما قال سبحانہ وتعالیٰ قد خسر الذین
کذبوا بلقاء اللہ حتیٰ اذا جاءتھم الساعۃ
بغتۃ قالوا یاحسرتنا علیٰ ما فرطنا فیھا جز ۷ ع
وآیات دیگر نیز در قرآن بسیار اند کہ گواہی
می دہند بر وعید منکران رویت را قولہ تعالیٰ
سنریھم ایاتنا فی الآفاق وفی انفسھم حتیٰ یتبین
لھم انہ الحق اولم یکف بربک انہ علیٰ کل
شئ شہید الا انھم فی مریۃ من لقاء ربھم
الا انہ بکل شئ محیط (جز ۲۵ رکوع ۱)
پس بداں اے عزیز کہ دنیا را مسکن
و ماوای خود ساختہ باشد واز یاد خدا
واز محبت واز معرفت او روئے
گردانیدہ باشد و نہایت علم او تا ایں جا
رسیدہ باشد کہ ہر چہ می کند و می گوید
بداں نخواہد مگر دنیا را پس ناچار در حق ایں
چنیں کس فرمان می شود فاعرض عن من
تولیٰ عن ذکرنا ولم یرد الا الحیوۃ الدنیا
ذالک مبلغھم من العلم (جز ۲۷ رکوع ۶).
در نصاب الاخبار آوردہ است. سئل
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای الناس
اشر قال العالم اذا فسد ۔ فساد عالم،
آنست کہ بواسطۂ علم و مال و جاہ و منزلت

دیدار کے جواز کی روایت کر رہے ہیں پس جو شخص کہ
دیدار سے انکار کرے گا اور کہے گا کہ دنیا میں ہرگز دیدار
جائز نہیں تو اس کا حال کیا ہوگا اور اس کا نام کیا رکھیں گے
اور کس زمرہ میں اس کا شمار کریں گے ۔ بالضرور اس کا شمار
اس زمرہ میں ہوگا جن کے احوال کی خبر خدا تعالیٰ نے اپنے کلام
میں دی ہے چنانچہ حق سبحانہٗ تعالیٰ نے فرمایا کہ وہ لوگ نقصان
میں رہے جنھوں نے جھوٹ جانا اللہ کے دیدار کو یہاں تک
کہ جب ایک دن ان پر قیامت آپہنچے گی تو چلا اٹھیں گے کہ
ہائے افسوس ہماری اس کوتاہی پر جو ہم نے قیامت کے بارے
میں کی ہے اس کے علاوہ قرآن میں اور بہت سی آیتیں ہیں جو
منکران دیدار کو دھمکی دینے پر گواہی دے رہی ہیں ۔ اللہ تعالیٰ
فرماتا ہے عنقریب ہم ان کو دکھلائیں گے اپنی نشانیاں دنیا
کے اطراف میں اور ان کے اپنے درمیان میں بھی یہاں تک کہ ان
پر کھل جائے کہ یہ برحق ہے کیا یہ کافی نہیں کہ تیرا پروردگار ہر
چیز پر مطلع ہے آگاہ ہو کہ یہ لوگ شک میں پڑے ہوئے ہیں
اپنے پروردگار کے دیدار سے آگاہ ہو کہ بے شک اللہ ہر
چیز کو گھیرے ہوئے ہے پس اے عزیز جان کہ جو شخص دنیا
کو اپنا گھر اور اپنی پناہ کی جگہ بنایا ہو اور خدا تعالیٰ کی یاد
اور اس کی محبت سے و معرفت سے منہ پھیر لیا ہو اور اس کی
معلومات کی انتہا اس درجہ پر پہنچی ہو کہ اس کے ہر قول و فعل
کا مقصد صرف دنیا ہو تو ناچار ایسی ہی شخص کے حق میں ۔
(اپنے حبیب کو) خدا کا فرمان ہوتا ہے کہ پس تو اس سے منہ
پھیرے جو ہمارے ذکر سے منہ پھیر لیا اور نہ طلب کرے مگر دنیا
کی زندگی یہیں تک ان کے علم کی رسائی ہے ۔ نصاب الاخبار
میں لایا ہے کہ رسول اللہ صلعم سے سوال کیا گیا کہ آدمیوں میں

تحصیل کنند کما قال سبحانہ تعالیٰ فخلف
من بعدھم خلف ورثوا الکتاب یاخذون
عرض ھذا الادنیٰ ویقولون سیغفر لنا
وان یاتھم عرض مثلہ یاخذوہ
(جزء ۹ رکوع ۱۱)

درحق کسانیکہ حق تعالیٰ و رسول او چنیں خبر
می دہد ایں چنیں کس با انبیاء و باکتاب خدا
و با مہدیؑ چہ کار دارد زیرا چہ ہمہ انبیاءؑ و
تابعان ایشاں حکایت از توحید و معرفت
و محبت کنند و از دنیا فرار کنانند و ترغیب
در طاعت و عبادت خدای کنند و آں مخالف
ہوای ایشاں می آید پس ناچار انبیاء و تابعان
ایشاں را دروغگو دارند و بکشند کہ قولہ تعالیٰ
افکلما جاءکم رسول بما لا تھوی انفسکم
استکبرتم ففریقا کذبتم و فریقا تقتلون
و چوں مہدیؑ تابع رسولؐ باشد و سخن
از توحید و معرفت و محبت گوید
و خلق را سوئے خدائے خواند و از ہمہ فرار
کنند ناچار او را ہم دروغ گو دارند و درحق
وے اختلاف کنند چنانچہ درحق مصطفےؐ
اختلاف کردند و گفتند کہ ایں محمدؐ آں
نیست کہ در کتاب ما حق تعالیٰ خبر دادہ
است و کلام وی را نسبت باساطیر الاولین
می کردند و گاہی ساحر گفتند و گاہی شاعر
و گاہی مفتری و گاہی مجنون و مانند ایں

بڑا شریر آدمی کون ہے تو آنحضرتؐ نے فرمایا کہ عالم
جب فساد کرنے لگے عالم کا فساد یہ ہے کہ علم کے ذریعہ
سے مال و دولت اور مرتبہ و منزلت حاصل کرے چنانچہ
اللہ پاک فرماتا ہے کہ پھر آئے ان کے بعد ایسے ناخلف
کہ وارث بنے کتاب کے لیتے ہیں اسباب اس دنیائے دوں
کا اور کہتے ہیں کہ ہم کو معاف ہو جائے گا اور اگر ان کے
سامنے آوے کوئی دنیاوی چیز اس جیسی تو اس کو لے
لیں جن لوگوں کے حق میں خدا اور رسول خداؐ ایسی خبر دیتے
ہیں تو پھر ایسے شخص کو پیغمبروں خدا کی کتاب اور مہدیؑ کے
ساتھ کیا غرض باقی رہ جاتی ہے کیونکہ تمام پیغمبر اور ان کے
تمام تابعین اللہ کی توحید اور اللہ کی معرفت و محبت
کی باتیں کرتے ہیں اور دنیا سے ہٹاتے ہیں اور خدا کی عبادت
اور اطاعت کی ترغیب دیتے ہیں تو یہ باتیں ان لوگوں کی
(طالبان دنیا کی) خواہش نفسانی کی مخالف ہوتی ہیں تو یہ
لوگ بالضرور پیغمبروں اور ان کے تابعین کو جھوٹے سمجھتے ہیں
اور ان کو قتل کر دیتے ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے
کہ پس کیا جب کبھی لائے تمہارے پاس کوئی رسول
وہ حکم کہ پسند نہ کرتے تھے تمہارے نفس تو تم تکبر
کرنے لگے پھر ایک جماعت کو تم نے جھٹلایا اور ایک
جماعت کو قتل کر ڈالتے تھے اور چونکہ مہدیؑ رسولؐ
کے تابع ہیں اور اللہ کی توحید اور اللہ کی معرفت و
محبت کی بات کہتے ہیں اور مخلوق کو خدا کی طرف بلاتے
ہیں اور تمام اہل دنیا سے ہٹاتے تو مہدیؑ کو بھی جھوٹے
بولیں طالبان دنیا کے لئے ضرور ہو اور مہدیؑ کے حق
ہونے کے بارے میں ایسا ہی اختلاف کرتے ہیں جیسا کہ

بسیار صفتہاء ناسزا نسبت با مصطفیٰ
علیہ السلام می کردند و او را پیش حجت
می آمدند و گفتند کہ ہرگز نہ گرویم ترا تا آں
کہ بر نبوت خود دلیلے پیدا نہ کنی
و ما را نشان نہ نمائی باوجود آں کہ ہمہ
دلائل نبوت در ذات وے ثابت
بودند و ایشاں بواسطہ عدم معرفت انکار
آوردند و آں دلائل کہ بر اثبات نبوت
دلالت می کنند آنست کہ علماء سلف
گفتہ اند بداں کہ عقلا را اختلاف است
در آں کہ طریق معرفت نبوت نبی آدم
چیست متکلمان می گویند کہ ظہور معجزات
است و جماعتی از اہل دل می گویند کہ
احوال او گواہی دہندہ است بر نبوت
او و آں احوال در دو چیز منحصر است
یکی ترغیب خلق در طاعت و معرفت
خالق و دوم تغیر خلق از طلب دنیا و ما
ایں ہر دو صفت در ذات محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم یافتیم زیرا کہ کل ہمت او بر آں
بود کہ خلق را از خدمت غیر خالق بہ خدمت
حق تعالیٰ دعوت کردے و ہرگز بدنیا
و لذات و شہوات میل نہ کرد پس کیفیت
حال دلیل است بر صدق او در
رسالت و چوں مہدی تابع تام از آں
مصطفیٰ باشد کما قال النبی صلی اللہ علیہ

مصطفیٰ کے حق ہونے کے بارے میں اختلاف کئے اور یہ
کہا کہ یہ محمدؐ وہ نہیں ہیں جن کی خبر اللہ تعالیٰ نے ہماری
کتاب میں دی ہے اور آپ کے پیش کئے ہوئے کلام اللہ
کو اساطیر الاولین (اگلے لوگوں کی کہانیاں) کہتے تھے کبھی آپ
کو جادوگر کہتے تھے اور کبھی شاعر اور کبھی مفتری اور کبھی
دیوانہ اسی طرح کی بہت سی ناشائستہ صفتوں سے مصطفیٰ
کو منسوب کرتے تھے اور آپ سے کج بحثی کرتے اور کہتے تھے
کہ ہم تجھ پر ایمان نہ لائیں گے جب تک کہ تو اپنی نبوت
پر دلیل پیش نہیں کرے گا اور ہم کو نشان نہ بتائے گا
باوجود اس کے کہ نبوت کی تمام دلیلیں آپ کی ذات
اقدس میں ثابت تھیں اور یہ لوگ نہ پہچاننے کی وجہ سے
انکار کر رہے تھے اور جو دلیلیں نبوت کے ثبوت پر
دلالت کرتی ہیں یہ ہیں کہ علماء سلف نے کہا ہے کہ نبی آدم
کی نبوت کے طریق معرفت میں علماء کو اختلاف ہے۔
متکلمین کہتے ہیں کہ معجزات کا ظہور باعث معرفت ہوتا
ہے اور اہل دل اصحاب کی ایک جماعت کہتی ہے
کہ نبی کا حال خود نبی کی نبوت کا گواہ ہوتا ہے اور یہ
حال دو چیزوں میں منحصر ہے پہلی چیز مخلوق کو خالق کی
اطاعت و معرفت کی ترغیب دینا ہے اور دوسری چیز
مخلوق کو دنیا کی طلب سے ہٹانا ہے یہ دونوں صفتیں ہم نے
محمد رسول اللہ کی ذات میں پائیں کیونکہ آپؐ کا پورا مقصد
یہی تھا کہ مخلوق کو غیر خدا کی خدمت سے چھڑا کر
خدا کی خدمت میں لگا دینا اور کبھی آپؐ نے دنیا
اور لذات و شہوات کی طرف توجہ نہیں کی پس آپ کا
حال آپ کی پیغمبری کی صداقت پر دلیل ہے اور چونکہ

انہ یقفو اثری ولا یخطی. پس بر ذات
او ہمیں دلیل بس است و ایں را جماعتے
از مسلماناں در ذات او یافتند و تحقیق کردند
و دیگر دلائل از اخبار ثابت شدہ است
چنانچہ در بخاری و مسلم و در مصابیح و مشارق
و قرطبی ایں است قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
المہدی منی اجلی الجبہۃ اقنی الانف مقرون
الحاجبین. یعنی مہدی از من است روشن
پیشانی و بلند بینی و پیوستہ ابرو وقال النبی صلی
اللہ علیہ وسلم انہ یقفو اثری ولا یخطی وقال
النبی علیہ السلام یرضی عنہ ساکن الارض ولا
تدع السماء من اقطارہا شیئا الا وصبتہ
ولا تدع الارض من نباتہا الا واخرجتہ
حتی یتمنی الاحیاء الاموات و علماء اہل تحقیق
ایں حدیث را شرح کردہ اند یعنی راضی
شوند از حسن اخلاق وے ہمہ
فرشتگان و پریاں و آدمیاں و باز
ندارد آسمان از قطرات خود چیزیرا
مگر تمام بیرون آرد آنرا تا آں کہ آرزو
برند زندگان مردگان را یعنی تمام درہائے
رحمت از آں آسمان و زمین در زمان
وے حق تعالی بکشاید و فیض تمام
بر دلہائے قابلاں ببارد و آنچہ
در دلہائے ایشاں است از تخم
توحید و معرفت برویاند و اثر حیات

مہدی مصطفیٰ کے تابع تمام ہیں جیسا کہ نبی
نے فرمایا کہ مہدی میرے نقش قدم پہ چلے گا اور
خطا نہیں کرے گا پس مہدی کی ذات کے لئے
یہی دلیل کافی ہے اور یہ علامت مسلمانوں کی ایک
جماعت نے آپکی ذات میں پائی اور تحقیق کی اور
احادیث سے دوسرے دلائل بھی ثابت ہوئے ہیں چنانچہ
بخاری و مسلم میں اور مصابیح مشارق اور قرطبی میں
یہ ہے کہ نبی کریم صلعم نے فرمایا مہدی مجھ سے ہوگا
روشن پیشانی والا اونچی ناک والا اور پیوستہ
ابرو والا اور نبی صلعم نے فرمایا کہ (وہ مہدی) میرے
نقش قدم پہ چلے گا اور خطا نہیں کرے گا اور نبی
نے فرمایا کہ راضی ہو جائیں گے اس سے (مہدی سے)
زمین اور آسمان کے رہنے والے اور نہیں چھوڑے
گا آسمان اپنی بارشوں میں سے کسی چیز کو مگر اس
کو برسا دے گا اور نہیں چھوڑے گی زمین اپنی
نباتات میں سے کسی چیز کو مگر اس کو اگا دے گی
یہاں تک کہ آرزو کریں گے زندے مردوں کی اور
علماء اہل تحقیق نے اس حدیث کی شرح یوں کی ہے
کہ آپکے (مہدی کے) حسن اخلاق سے تمام فرشتے پریاں
اور آدمیاں راضی ہو جائیں گے اور نہیں چھوڑے
گا آسمان اپنی بارشوں میں سے کسی چیز کو مگر اس کو
برسا دے گا اور نہیں چھوڑے گی زمین اپنی نباتات
میں سے کسی چیز کو مگر اس کو اگا دے گی یہاں تک
کہ آرزو کریں گے زندے مردوں کی یعنی آپکے
زمانے میں آسمان اور زمین سے تمام رحمت کے

در ذات ہائے ایشاں پیدا شود تا آنکہ
آرزو برند بر حیات مردگاں خود را،
قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم بلاء یصیب
ھٰذہٖ الامۃ حتی لا یجد الرجل ملجاء یلجاء
الیہ فیبعث اللہ رجلاً من اھل بیتی اسمہٗ
اسمی وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم کیف
تھلک امتی انا فی اولھا وعیسیٰ فی اخرھا والمھدی
من اھل بیتی فی وسطھا وقال النبی صلی اللہ
علیہ وسلم لو لم یبق من الدنیا الا یوم
واحد لطول اللہ ذٰلک الیوم حتی یبعث
رجلاً من عترتی فیملاء بہ الارض قسطا و
عدلا کما ملئت جوراً وظلما وقال النبی
صلی اللہ علیہ وسلم الا ایھا الناس انما
انا بشر مثلکم یوشک ان یاتینی رسول ربی
فاجیب وانا تارک فیکم ثقلین اولھما
کتاب اللہ تعالیٰ فیہ النور والھدیٰ فخذوا
بکتاب اللہ واستمسکوا بہ واھل بیتی اذکر
کم اللہ فی اھل بیتی اذکرکم اللہ فی اھل بیتی
و نیز حضرت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
بہ ابوذرؓ فرمودہ است مسکین ابوذر
یمشی وحدہٗ واللہ فی السماء فرد و ابوذر فی الارض
فرو کن فرد الفرد یا اباذر ان اللہ جمیل یحب
الجمال ثم قال یا اباذر تاری ما غمی
وفکری والی ای شئ اشتیاقی فقال
اصحابہ خبرنا یا رسول اللہ بغمک

کے دروازے اللہ تعالیٰ کھول دے گا اور صلاحیت
رکھنے والوں کے دلوں پر اللہ کے فیض کی کامل بارش
ہوگی اور ان کے دلوں میں اللہ کی توحید و معرفت کے
جتنے بھی تخم ہوں گے وہ سب اُگیں گے اور حیات
کا اثر ان کی ذاتوں میں پیدا ہوگا یہاں تک کہ وہ آرزو
کریں گے کہ کاش اس زمانہ میں ہمارے مردے زندہ
ہوتے اور نبی صلعم نے فرمایا کہ اس امت پر ایک آزمائش
ہوگی یہاں تک کہ کسی کو کوئی پناہ گاہ نہیں ملے گی جس میں
وہ پناہ لے پس (اس خطرناک حالت کو دور کرنے کے
لئے) اللہ تعالیٰ میری اہل بیت سے ایک مرد کو مبعوث کرے گا
اس کا نام میرا نام ہوگا اور نبی صلعم نے فرمایا کہ میری امت
کیسے ہلاک ہوگی کہ میں اس کے اول میں ہوں اور عیسیٰؑ اس
کے آخر میں ہیں اور میری اہل بیت سے مہدیؑ اس کے درمیان
ہے نبی صلعم نے فرمایا کہ اگر دنیا ختم ہو کر ایک دن بھی باقی
رہ جائے تو اللہ تعالیٰ اس دن کو اتنا لمبا کرے گا کہ میری
آل میں سے ایک مرد کو مبعوث کرے گا پس وہ زمین کو
کو عدل و انصاف سے بھر دے گا جیسا کہ وہ جور و ظلم
سے بھری گئی تھی نبی صلعم نے فرمایا سنو اے لوگو میں
تمہارے ہی جیسا بشر ہوں قریب ہے کہ میرے پاس
میرے رب کا قاصد آئے اور میں اس کی دعوت کو
قبول کروں (میری رحلت قریب ہے) اور میں تم میں دو
بڑی بھاری چیزوں کو چھوڑ کر جا رہا ہوں ان میں سے ایک
اللہ کی کتاب ہے جس میں نور و ہدایت ہے پس تم خدا
کی کتاب کو لو اور اس کو مضبوط پکڑے رہو اور دوسری
میری اہل بیت میں اپنی اہل بیت میں تم کو اللہ کو یاد دلاتا

فیکون لك ثم قال آه واشوقاه الی لقاء اخوانی
فقال اصحابه نحن اخوانك یا رسول
الله قال انتم اصحابی وهم اخوانی یکونون
من بعدی شانهم کشان الانبیاء وهم
عند الله بمنزلة الشهداء یفرون
من الاباء والامهات والاخوات والا
خوان والابناء ابتغاء لمرضات الله
تعالی وهم یترکون المال لله ویذللون
انفسهم بالتواضع لا یرغبون فی الشهوات
وفضول الدنیا ویجتمعون فی بیوت
الله تعالی مغمومین محزونین من حب
الله وقلوبهم الی الله وروحهم من الله
وعدلهم الله اذا مرض واحد منهم هو
افضل عند الله من عبادة الف سنة
وان شئت ازیدك یا اباذر قال قلت
بلی یا رسول الله قال الواحد منهم یموت
فهو کمن مات من فی السماء لکرامتهم علی الله
وان شئت ازیدك یا اباذر قال قلت
بلی یا رسول الله قال الواحد منهم یؤذیه
قملة فی ثیابه فله عند الله اجر سبعین حجة
وغزوة وکان له اجر عتق اربعین رقبة
من ولد اسماعیل علیه السلام کل واحد
منهم باثنی عشر الفا وان شئت ازیدك
یا اباذر قال قلت بلی یا رسول الله قال الواحد
منهم یذکر اهله ثم یغتم یکتب له بکل

میں اپنی اہل بیت میں تم کو اللہ کو یاد دلاتا ہوں میں
اپنی اہل بیت میں تم کو اللہ کو یاد دلاتا ہوں (میں
اپنی اہل بیت میں تم کو اللہ کو یاد دلاتا ہوں) اور
نیز حضرت مصطفےٰؐ نے ابوذرؓ سے فرمایا ہے کہ مسکین
ابوذرؓ تنہا چل رہا ہے اور اللہ آسمان میں تنہا ہے
اور ابوذر زمین میں تنہا ہے اے ابوذر تو تنہا کے لئے تنہا
ہو جا بے شک اللہ جمیل ہے جمال کو دوست رکھتا ہے
پھر آنحضرتؐ نے فرمایا اے ابوذر کیا تو جانتا ہے کہ میرا
غم اور میری فکر کیا ہے اور مجھے کس بات کا شوق ہے
تو آپؐ کے اصحاب نے کہا کہ یا رسول اللہ آپؐ ہم کو
بتائیے کہ آپؐ کو کیا غم اور کیا فکر ہے پھر آپؐ نے فرمایا
کہ آہ میرے بھائیوں کی ملاقات کا شوق ہے تو آپؐ کے
اصحاب نے کہا کہ ہم آپؐ کے بھائی ہیں آپؐ نے فرمایا کہ تم
میرے اصحاب ہو اور وہ میرے بھائی ہیں جو میرے بعد
ہونے والے ہیں ان کی شان انبیا کی شان جیسی ہو گی اور
وہ اللہ کے پاس شہیدوں کے مرتبہ میں ہوں گے خدا کی
خوشنودی کے لئے وہ اپنے ماں باپ بھائی بہن اور بچوں
سے بھاگیں گے اور وہ خدائے تعالیٰ کے لئے مال و دولت
کو ترک کر دیں گے اور ان کی تواضع ایسی ہو گی کہ اپنی ذاتوں
کو حقیر سمجھیں گے شہوتوں اور دنیا کی فضول باتوں کی
رغبت نہیں کریں گے۔ اللہ تعالیٰ کے گھروں میں کسی
ایک گھر میں جمع رہیں گے اللہ کی محبت کی وجہ سے غمگین
اور رنجیدہ رہیں گے ان کے دل اللہ کی طرف لگے
رہیں گے اور ان کا رزق اللہ کی جانب سے ہو گا، اور
ان کا سارا کام خاص اللہ کے لئے ہو گا ان میں سے

نفس الف الف درجة وان شئت ازيدك
يا اباذر قال قلت بلى يارسول الله قال الواحد
منهم يصلي ركعتين في اصحابه افضل عند الله
من رجل يعبد الله تعالى في جبل لبنان عمر
نوح عليه السلام الف سنة وان شئت ان
يدك يا اباذرؓ قال قلت بلى يارسول الله قال الواحد
منهم يسبح تسبيحة خيرله يوم القيمة
من ان يسير معه الجبال الدنيا ذهبا وان
شئت ازيدك يا اباذر قال قلت بلى يارسول
الله قال من نظر نظرة ينظر الى بيت احد
منهم احب الى الله من نظرة للبيت الله
ومن ينظر اليه فكانما ينظر الله ومن
ستره فكانما ستر الله ومن اطعمه فكا
نما اطعم الله تعالى وان شئت ازيدك
يا اباذر قال قلت بلى يارسول الله قال يجلس
اليهم قوم مصرين مثقلين من الذنوب
ما يقومون من عندهم حتى ينظر الله
اليهم ويغفر لهم ذنوبهم لكرامتهم على
الله يا اباذر ضحكهم عبادة ومزاحهم،
تسبيح ونومهم صدقة ينظر الله اليهم
في كل يوم سبعين مرة يا اباذر اني اليهم
مشتاق الى لقائهم ثم اطرق راسه مليا ثم
رفع راسه وبكى حتى دمعت عيناه فقال
واشوقاه الى لقائهم وقال صلى الله عليه وسلم
اللهم احفظهم وانصرهم على من خالفهم

کوئی ایک بیمار ہوگا تو اللہ کے پاس اس کی بیماری ہزار
برس کی عبادت سے افضل ہوگی اے ابوذرؓ اگر تو
چاہتا ہے تو میں اور بھی کچھ کہنا چاہتا ہوں ابوذرؓ نے
کہا میں نے کہا کیوں نہیں یارسول اللہؐ، رسول اللہؐ
نے فرمایا کہ ان میں سے کوئی مرے گا تو اس کی موت
آسمان میں رہنے والوں کی موت کے مانند ہوگی کیوں
کہ اللہ کے پاس ان کی بزرگی ایسی ہی ہے اے ابوذرؓ
اگر تو چاہتا ہے تو میں کچھ اور کہنا چاہتا ہوں۔ ابوذرؓ نے
کہا کیوں نہیں یارسول اللہ، رسول اللہ نے فرمایا اگر ان
میں سے کسی ایک کے کپڑے میں سے کوئی جوں اس کو
کاٹے تو اللہ کے پاس ستر حج اور غزووں کا ثواب
ملے گا۔ اور اولاد اسمٰعیل کے چالیس غلاموں کو آزاد کرنے
کا ثواب ملے گا۔ ان میں سے ہر ایک بارہ ہزار کے مقابلہ کا
ہوگا۔ اے ابوذر اگر تو چاہتا ہے تو میں کچھ اور کہنا چاہتا ہوں
ابوذرؓ نے کہا میں نے کہا کیوں نہیں یارسول اللہ، رسول
اللہؐ نے فرمایا ان میں سے ایک اپنے اہل وعیال کو یاد کرے
گا پھر غمگین ہوگا تو اس کی ہر سانس کے عوض ہزار ہزار درجہ
ملیں گے رسول اللہؐ نے فرمایا اے ابوذرؓ اگر تو چاہتا ہے
تو میں کچھ اور کہنا چاہتا ہوں۔ ابوذرؓ نے فرمایا میں نے کہا کیوں
نہیں یارسول اللہ، رسول اللہؐ نے فرمایا کہ ان میں کا ایک
اپنے اصحاب کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے گا تو وہ اللہ
کے پاس اس آدمی سے افضل ہے جو نوح علیہ السلام
کی عمر ہزار سال پاکر کوہ لبنان میں اللہ کی عبادت کرتا ہو
رسول اللہؐ نے فرمایا اے ابوذرؓ اگر تو چاہتا ہے تو میں کچھ
اور کہنا چاہتا ہوں ابوذر نے کہا میں نے کہا کیوں نہیں یا

واقرعینی بهم الی یوم القیمة ثم قرأ الا
ان اولیاء الله لاخوف علیهم ولاهم
یحزنون. وایں اخبار در حق مهدیؑ
وارد شده است علماء سلف ایں را
بمنزله تواتر داشته اند چنانچه در قرطبی
می آرد، وقد تواترت الاخبار واستفاضت
بکثرة رواتها عن النبی صلی الله علیه و
سلم فی حق المهدی و بعضے اخبار که
یک دیگر متعارض اند علماء سلف آں را
تطبیق بدیں داده اند که مجی او حق است
واختلاف در علامات است چنانچه
قال البیهقی فی شعب الایمان واختلف
الناس فی امر المهدی فتوقف جماعة
واحالوا العلم الی عالمه واعتقدوا انه
احد من اولاد فاطمة بنت رسول
الله صلی الله علیه وسلم یخرج فی
آخر الزمان وقال فی شرح المقاصد
فذهب العلماء الی انه امام عادل من
ولد فاطمة رضی الله عنها یخلق الله
متی شاء ویبعثه نصرة لدینه، —
در روایت ہائے دیگر بسیار است
چنانچه در فتوحات می گوید.

شعر

رسول اللہ۔ رسول اللہ ؐ نے فرمایا کہ ان میں سے ایک
تسبیح پڑھے گا تو بہتر ہے اس کے لئے قیامت کے دن
اس بات سے کہ اس شے کے ساتھ دنیا کے پہاڑ سونا
بن کر چلیں رسول ؐ نے فرمایا اے ابوذر اگر تو چاہتا ہے تو میں
کچھ اور کہنا چاہتا ہوں ابوذر ؓ نے کہا میں نے کہا کیوں نہیں
یا رسول اللہ رسول اللہ ؐ نے فرمایا کہ جو شخص ان لوگوں میں
سے کسی ایک کے گھر کی طرف ایک نظر بھی دیکھے گا تو وہ اللہ
کے پاس بیت اللہ کو دیکھنے سے زیادہ محبوب ہوگا
اور اگر کوئی شخص ان میں سے کسی ایک کو دیکھے گا تو گویا
وہ اللہ کو دیکھ رہا ہوگا اور جو شخص ان میں سے ایک کی
ستر پوشی کرے گا تو گویا اس سے اللہ کی ستر پوشی کی
اور اگر ان میں سے کسی ایک کو کھانا کھلائیگا تو گویا اس نے
اللہ کو کھانا کھلایا رسول اللہ ؐ نے فرمایا اے ابوذر ؓ اگر تو
چاہتا ہے تو میں کچھ اور کہنا چاہتا ہوں ابوذر ؓ نے کہا میں
نے کہا کیوں نہیں یا رسول اللہ ؐ، رسول اللہ ؐ نے فرمایا ان کے
پاس اگر ایسے لوگ بیٹھیں گے جو بار بار گناہ کئے ہوں،
اور گناہوں سے بھرے ہوئے ہوں گے جب وہ ان کے
پاس سے اٹھنے لگیں گے تو اللہ ان کو رحمت سے دیکھے گا
اور اللہ کے پاس ان کی کرامت کی وجہ سے ان بیٹھنے والوں
کے گناہوں کو اللہ معاف کر دے گا اے ابوذر ؓ ان کا
ہنسنا عبادت ہے اور ان کی خوش طبعی تسبیح ہے اور
ان کی نیند زکوٰۃ ہے اللہ تعالیٰ ہر روز ان کو ستر دفعہ نظر
رحمت سے دیکھتا ہے۔ اے ابوذر ؓ میں ان کے دیدار کا
مشتاق ہوں پھر تھوڑی دیر تک اپنے سر کو رسول اللہ ؐ
نے جھکا لیا پھر اپنا سر اٹھایا اور روئے یہاں تک کہ آپ ؐ کی

ہر دو چشم مبارک سے آنسو جاری ہو گئے اور فرمایا
کہ مجھے ان کے دیدار کا کیا ہی شوق ہے رسول اللہ
نے فرمایا کہ اے اللہ ان کی حفاظت کر اور ان کے
مخالفین کے مقابلہ میں ان کی مدد فرما اور قیامت
کے دن ان کی مدد فرما اور قیامت کے دن ان کے
دیدار سے میری آنکھ ٹھنڈی کر اور آپؐ نے یہ
آیت شریفہ پڑھی سنو بیشک اللہ کے اولیاء
نہ ان کو کسی کا ڈر ہے اور نہ وہ غمگین ہوتے ہیں
اور یہ حدیثیں مہدیؑ کے حق میں وارد ہوئی ہیں
علماء سلف نے ان احادیث کو تواتر کے درجہ میں
رکھا ہے چنانچہ قرطبی میں لاتا ہے کہ نبیؐ سے مہدیؑ
کے حق میں جو حدیثیں مروی ہیں حد تواتر کو پہنچ چکی
ہیں اور ان کے راوی بکثرت ہیں. اور بعض حدیثیں
جو باہم متعارض ہیں علماء سلف نے ان کی تطبیق اس
طرح دی ہے کہ مہدیؑ کا آنا حق ہے اور علامتوں میں
اختلاف ہے چنانچہ شعب الایمان میں کہا ہے کہ
لوگوں نے مہدیؑ کے امر میں اختلاف ہے اور ایک
جماعت میں توقف کیا ہے اور علم حقیقی کا حوالہ عالم حقیقی
حق تعالیٰ کی طرف کیا ہے. اور یہ اعتقاد کیا ہے
کہ مہدیؑ فاطمہ بنت رسول اللہ کی اولاد میں سے
ایک ہے جو آخری زمانہ میں نکلے گا اور شرح مقاصد
میں کہا ہے کہ علماء اس بات کی طرف گئے ہیں کہ مہدیؑ اولاد
فاطمہ میں سے امام عادل ہے اللہ جب چاہے گا اس کو پیدا
کریگا اور اپنے دین کی نصرت کے لئے اس کو مبعوث کرے گا.
اور دوسری بہت سی روایتیں ہیں چنانچہ فتوحات میں کہتا ہے کہ

الا ان ختم الاولیاء شہید
وعین امام العارفین فقید
ھو السید المھدی من آل احمد
ھو الصارم الھندی حین یبید
ھو الشمس تجلو کل غیم وظلمۃ
ھو الوابل الوسمی حین یجید

وقال امیر المومنین علی بن ابی طالب ، کرم اللہ وجہہٗ.

بنی اذا ماجاشت الترک فانتظر
ولایۃ مھدی یقوم فیعدل
وذل ملوک الارض من آل ھاشم
وبویع منھم من یلذ ویھذل
صبی من الصبیان لارای عندہ
ولا عندہ جد ولا ھو یعقل
فثم یقوم قائم الحق منکم
وبالحق یاتیکم وبالحق یعمل
سمی رسول اللہ نفسی فداءہ
فلا تخذلوہ یا بنی عجلوا.

وایں صفت ہا دریں احادیث وروایات ثابت شدہ اند در ذات سید محمد مہدی پیدا است دریں ہیچ اختلاف نیست وچوں مقصود حق تعالیٰ در فرستادن مہدی آں باشد کہ نصرت دین خدائے را کند وبواسطہ آں ذات مردماں توحید ومعرفت

سنو بے شک خاتم الاولیاء موجود ہونے والا ہے جبکہ امام العارفین کا وجود نہیں رہے گا. وہ سید مہدی ہے جو آل احمد سے ہو گا وہ ہندی تلوار ہے جس وقت کہ وہ مٹائے گا بدعتوں کو اور گمراہیوں کو. وہ آفتاب ہے جو ہر تاریکی اور اندھیرے کو دور کر دیتا ہے وہ موٹے بوندوں والی موسمی بارش ہے اپنی فیض رسانی میں اور حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے کہ اے میرے عزیز بیٹے جب ترک حملہ کریں تو مہدی کا انتظار کر کہ مہدی صاحب حکومت ہو گا اور انصاف کرے گا اور آل ہاشم میں سے سلاطین زمین ذلیل ہو جائیں گے اور بیعت کیا جائے گا ان میں سے وہ شخص جو کمزور اور کم طاقت ہو گا بچوں میں سے ایک بچہ ہو گا اور وہ صاحب الرائے نہیں ہو گا اور نہ اس کے پاس کوئی کوشش ہو گی اور نہ وہ صاحب عقل ہو گا اور پھر تم میں سے ایک حق کو قائم کرنے والا قائم ہو گا. اور حق کے ساتھ تمہارے پاس آئے گا اور حق پر عمل کرے گا. وہ رسول اللہ کا ہم نام ہو گا میری جان اس پر فدا ہو، اے میرے بچو! تم اس کو مت چھوڑو اور اس سے بیعت کرنے جلدی کرو اور یہ اوصاف جو ان احادیث اور روایات میں ثابت ہوئے ہیں سید محمد مہدی کی ذات میں پیدا ہیں ان میں کوئی اختلاف نہیں ہے کیونکہ اللہ کا مقصود مہدی کے بھیجنے میں یہ ہے کہ دین خدا کی نصرت کرے اور اس ذات کے واسطے سے لوگ اللہ کی توحید اور اللہ کی معرفت حاصل کریں پس دوسری علامتیں جن میں اختلاف ہے وہ مقصود

ے مقصود کے خلاف ہیں یعنی اللہ کی توحید اور اللہ کی معرفت کی دعوت کے خلاف ہیں.

حاصل کنند پس دیگر علامات کہ
دراں اختلاف است و رائے مقصود
است اگر یافتہ نشود کسیے بداں
سبب آں ذات را دروغ گو دارد
با او مخالفت نماید ظلم بر نفس خود کند
زیرا کہ او می گوید ہر چہ می کنم و می گویم
بواسطہ خبرے کہ مرا از خدائے می رسد و بر
ثبوت آن دعویٰ حجت از کتاب خدائی
آوردہ است و ایں از دو حال خالی نیست
یا راست گو است یا دروغ گو اگر دروغ
گو است پس ضرر و وبال بروئیست
کہ ستمگار تر است و اگر راست
گو است پس ضرر و وبال بر مکذبانیست
کہ ستمگار ترند کہ وے را دروغ گو دارند
کقولہ تعالیٰ فمن اظلم ممن افتریٰ
علی اللہ کذبا او کذب بآیاتہ انہ لا یفلح
المجرمون (جزء ۱۱ رکوع ۷). وقال اللہ تعالیٰ
وان یک کاذبا فعلیہ کذبہ وان یک صادقا
یصبکم بعض الذی یعدکم (جزء ۲۴ رکوع ۹).
وایں آیت را خدائے تعالیٰ برائے ترغیب
وتسلی دل مومناں فرستادہ است زیرا
کہ در ہر زمانے کہ حق تعالیٰ رسول را
فرستادہ است اہل زماں اختلاف کردند
وکذباں در مصدقاں طعنہا زدند و مخالفت
نمودند و گفتند کہ چرا بر سخن دروغگو اعتماد می

کے خلاف ہیں اگر وہ مہدی میں نہ پائی جائیں اور محض
ان علامتوں کی وجہ سے اگر کوئی شخص اس ذات کو
دروغگو کہے اور اس سے مخالفت کرے تو اپنے نفس
پر ظلم کرتا ہے کیونکہ مہدی فرماتے ہیں کہ میں جو کچھ کرتا ہوں
اور جو کچھ کہتا ہوں بذریعہ اس چیز کے ہے جو مجھ کو خدا
سے پہنچتی ہے اور اس دعویٰ کے ثبوت پر کتاب خدا سے
دلیل لائی ہے اور یہ دو حال سے خالی نہیں ہے۔ یا
وہ سچ کہہ رہے ہیں یا جھوٹ کہہ رہے ہیں تو اس کا
بوجھ اور نقصان ان کی ذات پر ہے کہ زیادہ ظالم
ہیں اور اگر یہ سچ کہہ رہے ہیں تو نقصان اور بوجھ جھٹلانے
والوں پر ہے کہ یہ لوگ زیادہ ظالم ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ
فرماتا ہے کہ اس سے بڑھ کر ظالم کون جو بہتان باندھے
اللہ پر جھوٹا یا جھٹلائے اس کی آیتوں کو بے شک
بھلا نہیں ہوتا گنہگاروں کا اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے
اور اگر یہ جھوٹا ہے تو اسی پر پڑے گا اس کے جھوٹ
کا وبال اور اگر سچا ہے تو تم پر آپڑے گا اس (عذاب)
میں سے جس کا یہ تم سے وعدہ کرتا ہے اور اس آیت
کو اللہ تعالیٰ نے مومنوں کے دل کی تسلی اور ترغیب کے
لئے بھیجا ہے کیونکہ ہر زمانہ میں اللہ تعالیٰ نے رسول کو
جو بھیجا ہے تو اہل زمانہ نے اختلاف کیا اور جھٹلانے
والوں نے مومنوں پر طعنہ زنی کی اور مخالفت کی اور کہا
کہ کس لئے جھوٹے کی بات پر اعتماد کرتے ہو ہلاک
ہو جاؤ گے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ایسا نہیں ہے بلکہ خدا کا
احسان صادقوں پر جو خدا کے لئے خدا کے رسول کے فرماں
بردار ہوئے اور اس کے جھوٹ کا نقصان ان پر عائد

کنید پاک خواهید شد حقتعالی فرموده نه خیال
است بلکه منت خدای بر صادقان است
که اورا برائے خدای منقاد شدند وخبر به کذب
وے بر ایشان عاید نمی شود واگر او در دعوی
خود صادق است پس وعدهای نعمت خدای
ایشان راست پس طالبان حق وصاحبان
خرد را همین قدر بسنده است حق تعالی از احوال
اولوالالباب در کلام خویش خبر داد قوله
تعالی ربنا اننا سمعنا منادیا ینادی للایمان ان
امنوا بربکم فامنا. مهدیؑ نیز از جمله مناد
یان است وهمین ندا کند که بگروید به پروردگار
خویش وچون صاحب خردان این ندا شنید
ند ودیدند که مخبر صادق است وندای او
حق است پس بیکبارگی منقاد گشتند
وگفتند امنا پس بدان ای عزیز هر کرا حق
تعالی اهل این معنی گردانیده باشد که اقوال
وافعال وی دلالت می کنند بر کمال وی آن
حقیقت که موجب تصدیق است در ذات
وی یافته می شود تمام احوال وافعال او
موافق با کتاب خدا ورسول وی باشد
پس هر که با این چنین کس از جهت حسد و
عناد وعداوت کند ومخالفت نماید
آن کس مخالفت نماید آن کس مخالف
کتاب خدای ورسول واز اتفاق علمای سلف
بیرون باشد زیرا که اتفاق سلف بر این

نہیں ہوتا ہے اگر خدا کا رسول اپنے دعوی میں سچا ہے
تو خدا کی نعمت کے وعدے صادقوں کے لئے ہیں پس
طالبان حق اور صاحبان عقل کے لئے اسی قدر کافی ہے
اللہ تعالی نے صاحبان عقل کے احوال سے اپنے کلام
میں خبر دی ہے اللہ تعالی فرماتا ہے اے ہمارے رب ہم نے
سنا ایک منادی کو کہ ندا کرتا ہے ایمان کی ایمان لاؤ تم
اپنے رب پر تو ہم ایمان لائے مہدیؑ بھی منادیوں کے
منجملہ ایک منادی ہے اور یہی ندا کرتا ہے کہ تم ایمان لاؤ
اپنے پروردگار پر اور جب اصحاب عقل نے مہدیؑ کی یہ
ندا سنی تو دیکھا کہ مخبر صادق ہے اور اس کی ندا حق ہے
پس فوراً مطیع و منقاد ہو گئے اور کہا کہ ہم ایمان لائے
پس جان اے عزیز جس کو اللہ تعالی اس دعوی مہدیت
کا اہل بنایا ہو اور اس کے اقوال و افعال اس کے کمال پر
دلالت کرتے ہوں تو یہی بات اس کی تصدیق واجب
کرنے والی ہے جو اس کی ذات میں پائی جاتی ہے اس کے
تمام احوال و افعال خدا کی کتاب اور اس کے رسولؐ کے
ساتھ موافق ہیں پس جو شخص کہ حسد و عناد کی وجہ سے ایسی
ذات سے دشمنی اور مخالفت کرے گا تو وہ شخص کتاب
خدا اور رسول خدا کا مخالف ہوگا اور علما سلف کے
اجتماع سے باہر ہو جائیگا۔ کیونکہ سلف کا اتفاق اس
بات پر ہے کہ جو حکم کتاب و سنت سے ثابت ہوا ہو
وہ تصدیق کو واجب کرنے والا ہوتا ہے ایمان کے بارے
میں علما سلف نے اس طرح گفتگو کی ہے۔

مقصد ثانی اس باب میں کہ ایمان کیا بڑھتا اور
گھٹتا ہے اس کو ایک جماعت میں ثابت کیا ہے اور

است کہ ہر چہ از کتاب و سنت ثابت شدہ است آں موجب تصدیق است و درباب ایمان ہمچناں گفت گوی کردہ اند۔

المقصد ثانی فی ان الایمان

ھل یزید وینقص اثبتہ طائفۃ ونفیہا آخرون قال الامام الرازی وکثیر من المتکلمین ھو بحث لفظی لانہ فرع تفسیر الایمان فان قلنا ھو التصدیق فلا یقبلھما لان الواجب ھو الیقین وانہ لا یقبل التفاوت لا بحسب ذاتہ لان التفاوت انما ھو احتمال الیقین وھو ای احتمالہ ولو بابعد وجہ ینافی الیقین فلا یجامعہ ولا بحسب متعلقہ لانہ جمیع ما علم بالضرورۃ مجی الرسول بہ والجمیع من حیث ھو جمیع لا یتصور فیہ تعدد والا لم یکن جمیعا وان قلنا ھو الاعمال اما وحدھا او مع التصدیق فیقبلھما وھو ظاھر والحق ان التصدیق یقبل الزیادۃ والنقصان بوجھین ای بحسب الذات وبحسب المتعلق الاول انہ یقبل القوۃ والضعف فان التصدیق من الکیفیات النفسانیۃ متفاوتۃ قوۃ وضعفا قولکم الواجب ھو الیقین والتفاوت

دوسروں نے اس کی نفی کی ہے امام رازی اور بہت سے متکلمین نے کہا ہے کہ یہ بحث لفظی ہے کیونکہ یہ تفسیر ایمان کی فرع ہے اگر ہم ایمان کی یہ تعریف کریں کہ وہ تصدیق ہے تو ایمان گھٹنے اور بڑھنے کو قبول نہیں کرتا کیونکہ واجب وہ یقین ہی ہے اور اس میں کمی و بیشی کو قبول کرنے کی صلاحیت نہیں ہے نہ اس کی ذات کے اعتبار سے اور نہ اس کے متعلق کے اعتبار سے اس لئے نہیں کہ کمی بیشی نقیض کے احتمال کو کہتے ہیں اور وہ یعنی احتمال اگرچہ کہ بعید ترین وجہ کے ساتھ ہو یقین کے منافی ہے اور یقین کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتا اور نہ اعتبار متعلق اس لئے نہیں کہ تمام وہ چیزیں ہیں جو بالضرورت مانی گئی ہیں رسول کے لانے سے اور جمیع من حیث ہو جمیع اس میں تعدد کا تصور نہیں ہو سکتا اور اگر ہم یہ کہتے ہیں کہ اعمال کا نام ہوگا یا اعمال و تصدیق کا نام ہوگا پس ایمان دونو کو قبول کرے گا اور یہ ظاہر ہے اور حق یہ ہے کہ تصدیق، زیادتی اور کمی کو قبول کرتی ہے دونو وجہوں سے یعنی ذات کے اعتبار سے اس لئے کہ وہ قوت اور ضعف کو قبول کرتی ہے کیونکہ تصدیق کیفیات نفسانیہ میں سے ہے جو قوت و ضعف کو قبول کرتی ہے کیونکہ تصدیق کیفیات نفسانیہ میں سے ہے جو قوت اور ضعف کے اعتبار سے تفاوت رکھنے والی ہے تمہارا یہ کہنا کہ واجب وہی یقین ہے اور تفاوت نہیں ہوتا ہے مگر احتمال نقیض سے تو ہم اس کو تسلیم نہیں کرتے کیونکہ تفاوت فقط اس احتمال کی وجہ سے ہے کیونکہ

ے کیونکہ گھٹنا اور بڑھنا دونو ایک دوسرے کی نقیض ہیں پس جتنا گھٹ سکتا ہے اتنا ہی بڑھ سکتا ہے پس یہی معنی احتمال نقیض کے ہیں۔